سوال

(673)پینٹ شرٹ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پینٹ شرٹ پہننا کیا جائز ہے،ٹائی وغیرہ بھی؟ (سائل : اجمل احمد فاروقی، گوجراں والا) (۱۳ ۔اپریل ۲۰۰۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس طرز لباس کو شرفائے قوم اختیار کرلیں اس کا پہننا جائز ہے اگرچہ معاشرہ میں غیر قوم کا شعار سمجھا جائے۔

نبی ﷺ نے شامی جبہ پہنا تھا حالاں کہ وہ اس وقت دارالکفر تھا اور بعض روایات میں رومی کا ذکر ہے۔ ''صحیح بخاری'' باب الصلاة فی الجبة الشامیة۔فتح الباری : ۶۱۳/۱

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس :صفحہ:485

محدث فتویٰ